## سوال

(55) شراب والی پارٹیوں میں شرکت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اکثر ایسی پارٹی یا کانفرنس میں شرکت ضروری ہوتی ہے۔ جن میں کھانے کے ساتھ شراب کا بھی اہتمام ہوتا ہے۔ کیا اس طرح کے دسترخوان پر بیٹھ کر لوگوں کے ساتھ کھانا کھایا جا سکتا ہے؟

---

## الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسلمانوں کو چاہیے کہ حتی الامکان اس دسترخوان سے پرہیز کریں جس میں شراب کا انتظام ہو۔ کیوں کہ حدیث میں ہے:

"مَن كَانَ يُؤمِنُ بِاللهِ وَاليَومِ الآخِرِ فَلَا يَقعُدَ عَلَى مَائِدَةٍ يُشرَبُ عَلَيهَا الخَمرُ" (ترمذی)

''جو شخص اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ اس دسترخوان پر نہ بیٹھے جس میں شراب پلائی جا رہی ہو۔''

البتہ مجبوری کی حالت میں اور کراہیت کے ساتھ اس دسترخوان پر بیٹھا جا سکتا ہے کیوں کہ اللہ کا فرمان ہے:

وَقَد فَصَّلَ لَكُم مَا حَرَّمَ عَلَيكُم إِلَّا مَا اضطُرِرتُم إِلَيهِ ... سورة الانعام ۱۱۹

''اور جو چیزیں تم پر حرام کی گئی ہیں اللہ نے انھیں تفصیل سے بیان کر دیا ہے سوائے اس کے تمھیں اضطرار کی حالت ہو۔''

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاوی یوسف القرضاوی

**طبی مسائل، جلد: 2، صفحہ: 276**